**10.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے ماحولیاتی ذمہ داری، نوجوانوں کو بااختیار بناکر اور داخلی بہبود کے ذریعے ایک ترقی یافتہ بھارت بنانے کی خاطر اجتماعی کوششوں پر زور دیا ہے۔

☆ تمل ناڈو میں جوزیف وجے نے چنئی میں وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔ 9 وزیروں کو بھی حلف دلایا گیا۔

☆ آسام میں ہیمنت بسوا سرما کو اتفاقِ رائے سے BJP قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔

☆ 100 کروڑ روپے سے زیادہ کے GST دھوکہ دہی کیس میں پنجاب کے وزیرِ صنعت سنجیو اروڑہ کو سات دن کیلئے ED کی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ یوکرین کے ساتھ لڑائی عنقریب ختم ہوسکتی ہے۔

☆ اور تیر اندازی ورلڈ کپ میں، شنگھائی میں بھارتی خواتین کی Recurve ٹیم نے Shoot-off میں چین کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج صبح بنگلورو میں Art of Living کے 45 ویں یومِ تاسیس کی تقریبات میں شرکت کی۔ انہوں نے Art of Living بین الاقوامی سینٹر میں نئے تعمیر کئے گئے دھیان مندر کا افتتاح بھی کیا۔

اِس موقع پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے خدمت، روحانیت اور سماجی کایاپلٹ کے فروغ میں Art of Living فاؤنڈیشن کے رول کو سراہا۔

**SB - PM**

جناب مودی نے ماحولیات سے متعلق ذمہ داری، نوجوانوں کو بااختیار بناکر اور داخلی بہبود کے ذریعے ایک ترقی یافتہ بھارت بنانے کیلئے اجتماعی کوششوں پر بھی زور دیا۔ جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ سیاسی نظام کے مقابلے سماجی

شمولیت زیادہ باأثر ہے اور ملک کی تعمیر کیلئے لازمی ہے۔

SB - PM

PM BJP Bengaluru

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ مغربی بنگال، آسام اور پدوچیری میں BJP کی کامیابی اُن کی سرکار کی جانب سے نافذ کی گئی قومی پالیسی کیلئے عوام کی حمایت کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے نتیجوں سے لوگوں کے مُوڈ کی عکاسی ہوتی ہے اور اِس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ عوام، اُن کی سرکار کے قومی پروگراموں اور پالیسیوں کی حمایت کررہے ہیں۔ جناب مودی آج بنگلورو میں BJP کیڈرس سے خطاب کررہے تھے۔ وزیرِ اعظم نے ایسی سرکار کی ضرورت اجاگر کی، جو ٹھیک ڈھنگ سے کام کرے، تیز رفتار کے ساتھ اچھی حکمرانی فراہم کرے، مسائل کا حل نکالے اور ملک کو آگے لے جائے۔

SB - 1400 - PM on Tamilnadu

کانگریس کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے، وزیرِ اعظم نے اُس پر الزام لگایا کہ اُس نے پارلیمنٹ میں ناری وَندن سنشودھن بل کے خلاف ووٹ دے کر خواتین کو دھوکہ دیا ہے، جبکہ اِس میں پارلیمنٹ میں خواتین کیلئے 33 فیصد ریزرویشن کو یقینی بنانے کی بات کہی گئی تھی۔

وزیرِ اعظم نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے کام کریں اور امریکہ-ایران جنگ جیسے جغرافیائی اور سیاسی حالات و واقعات سے پیدا چیلنجوں پر عبور حاصل کرنے کیلئے متحد رہیں۔x

PM Hyderabad

وزیرِ اعظم نریندر مودی اب حیدرآباد جارہے ہیں، جہاں وہ تقریباً 9 ہزار 400 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔

جناب مودی وارنگل میں PM مِتر پارک کا افتتاح کریں گے، جسے کاکاتیا میگا ٹیکسٹائل پارک کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور جسے PM مِتر اسکیم کے تحت تیار کیا گیا ہے۔

جناب مودی سندھو اسپتال کو ملک کے نام وقف کریں گے۔ یہ ادارہ حیدرآباد میں بنایا گیا کینسر کیلئے مخصوص جدید طرز کا ملٹی سُپر اسپیشلٹی حفظانِ صحت مرکز ہے، جو کسی منافع کے بغیر کام کرے گا۔x

TN - Swearing In

تمل ناڈو میں تملگا ویتری کژگم TVK پارٹی کے بانی جوزیف وِجے کو آج صبح وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا۔ ریاست کے گورنر راجندر وشوناتھ آرلیکر نے نہرو انڈور اسٹیڈیم میں ایک تقریب میں، انہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ اُن کے ہمراہ 9 وزیروں کو بھی حلف دلایا گیا۔

حلف برداری کی تقریب میں کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی اور تمل فلم صنعت سے وابستہ کئی سرکردہ شخصیات نے بھی

شرکت کی۔ جناب جوزیف وِجے نے تاریخ رقم کی ہے۔ حالیہ اسمبلی انتخابات میں پہلی بار چناؤ لڑنے والی اُن کی پارٹی TVK واحد سب سے بڑی پارٹی بن کر اُبھری اور 1967 کے بعد سے وہ ریاست کے ایسے پہلے وزیر اعلیٰ بنے ہیں، جن کا تعلق نہ تو DMK سے اور نہ ہی آل انڈیا انا DMK سے ہے۔

جناب جوزیف وِجے کو کانگریس، CPI، CPIM، VCK اور IUML کی حمایت کے ساتھ 234 رُکنی ایوان میں 120 ارکان اسمبلی کی حمایت حاصل ہے۔

لوک بھون کے ایک اخباری بیان کے مطابق، گورنر موصوف نے وزیر اعلیٰ جوزیف وِجے کو ہدایت دی ہے کہ وہ بدھ کے روز یا اِس سے پہلے اسمبلی میں اعتماد کا ووٹ حاصل کریں۔x

## PM Congrats Vijay

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو کے وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے پر جوزیف وِجے کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ مرکزی سرکار عوام کے رہن سہن کو بہتر بنانے کی خاطر تمل ناڈو سرکار کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔ وزیرِ اعظم نے، جناب جوزیف وجے کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔x

## Dissanayake Vijay

سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسا نائیکے نے TVK پارٹی کے سربراہ جوزیف وِجے کو تمل ناڈو کے وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے کے فوراً بعد مبارکباد پیش کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب دِسا نائیکے نے کہا کہ سری لنکا اور تمل ناڈو گذشتہ کئی نسلوں کے زمانے سے تاریخ، ثقافت، انٹرپرائز اور عوام سے عوام کے مضبوط رابطوں کے ذریعے منسلک رہے ہیں۔ انہوں نے بھارت اور سری لنکا کے درمیان مضبوط ساجھیداری کو یہ کہتے ہوئے اجاگر بھی کیا کہ دونوں ملکوں کے تعلقات مضبوط ہوتے جارہے ہیں اور وسیع اقتصادی امکانات اور مواقع بھی سامنے آرہے ہیں۔x

## Assam Elected Leader

آسام میں ہیمنت بسوا سرما کو اتفاقِ رائے سے BJP قانون ساز پارٹی کے ساتھ ساتھ NDA قانون سازی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ آج صبح گواہاٹی میں BJP قانون ساز پارٹی کی میٹنگ میں مجموعی طور پر پارٹی کے 8 ارکانِ اسمبلی نے ڈاکٹر ہیمنت بسوا سرما کا نام تجویز کیا۔ وہاں موجود دیگر ارکانِ اسمبلی نے اِس کی تائید کی۔

اس کے بعد AGP اور BPF کے 10 ارکانِ اسمبلی کی موجودگی میں آسام گن پریشد کے لیڈر اتُل بورا اور بوڈو لینڈ پیپلز فرنٹ کے رہنما Rihon Daimary نے NDA لیڈر کے طور پر جناب سرما کا نام تجویز کیا۔ x

## CEC Tirupati Visit

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا ہے کہ ہر ووٹر کو جمہوریت کو مستحکم بنانے میں ایک ساجھیدار بننا چاہیئے۔ تروپتی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، اعلیٰ انتخابی کمشنر نے مغربی بنگال، آسام، کیرالہ، پدوچیری اور تمل ناڈو میں انتخابات کے

کامیاب اور پُرامن انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔
جناب گیانیش کمار ترُوپتی کے دو دن کے دورے پر گئے ہوئے ہیں۔ وہ آج صبح Tirumala میں سری وینکٹیشور مندر گئے اور وہاں پوجا ارچنا کی۔x

**Nagaland - Ban**

ناگالینڈ حکومت نے ریاست بھر میں موٹر گاڑیوں پر مذہب پر مبنی، کسی بھی غیر سرکاری تنظیم NGO سے متعلق اور دیگر غیر مجاز نعرے، اسٹیکرس اور نشاندہی کرنے والے نشانات لگانے پر پابندی لگادی ہے۔ یہ پابندی سبھی نجی اور سرکاری موٹر گاڑیوں پر لاگو ہوگی۔ البتہ موٹر گاڑیوں سے متعلق قانون اور ضوابط کی شقوں کے تحت، خصوصی اجازت حاصل کرنے والی گاڑیوں کو اِس سے چھوٹ حاصل ہوگی۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت کی جانب سے ایک ایڈوائزری کے بعد، 1988 کے موٹر وہیکل ایکٹ کے تحت یہ حکم جاری کیا گیا ہے۔
موٹر گاڑیوں کے مالکان کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اِس نوٹیفکیشن کے 45 دن کے اندر اندر اِس قسم کی سبھی چیزیں اپنی گاڑیوں سے ہٹا دیں۔ دیگر صورت میں اُن کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔x

**Education Summer Camp**

تعلیم کی وزارت موسمِ گرما کی چھٹیوں کے دوران ملک کے سبھی اسکولوں میں بھارتیہ بھاشا Summer کیمپ 2026 کا اہتمام کرے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت نے کہا ہے کہ ایک ہفتہ طویل کیمپ سے طلباء کو رابطے کی مختلف سرگرمیوں کے ذریعے بھارتی زبانوں میں بنیادی ترسیلی ہنر سیکھنے کا اچھا موقع ملے گا۔x

**ED Punjab**

100 کروڑ روپے سے زیادہ کے GST دھوکہ دہی کیس میں پنجاب کے وزیرِ صنعت سنجیو اروڑہ کو سات دن کیلئے ED کی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔ گروگرام میں کالے دھن کو جائز شکل دینے کی روک تھام سے متعلق PMLA کی ایک خصوصی عدالت نے مَنی لانڈرنگ کیس میں یہ کارروائی کی ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے سنجیو اروڑہ کو کل چنڈی گڑھ سے گرفتار کیا تھا۔ انہیں حراست میں لے کر پوچھ تاچھ کیلئے عدالت میں پیش کیا گیا۔ اِس سے قبل چار ٹھکانوں پر دن بھر کی تلاشی کی کارروائی کی گئی تھی۔x

**Russia Ukraine Conflict**

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ یوکرین کے ساتھ لڑائی عنقریب ختم ہوسکتی ہے۔ انہوں نے یہ امید بھی ظاہر کی ہے کہ مغربی ایشیا میں بھی کشیدگی جلد دور ہوجائے گی لیکن ساتھ ہی انہوں نے یہ تنبیہہ بھی کی ہے کہ اگر ٹکراؤ میں اضافہ ہوتا ہے تو سبھی فریقوں کو اِس کا نقصان اٹھانا پڑے گا۔
صدر پتن نے یہ بھی کہا کہ وہ مستقل امن سمجھوتے کو حتمی شکل دیئے جانے کے بعد ہی یوکرین کے صدر زیلینسکی سے

ملاقات کریں گے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے گجرات اور راجستھان میں کل تک شدید گرمی کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق شمال مغربی بھارت میں بھی اگلے سات دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ تین سے لے کر پانچ ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔x

## US Qatar Meet

امریکی وزیرِ خارجہ Marco Rubio اور امریکہ کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff نے کل Miami میں قطر کے وزیرِ اعظم اور وزیرِ خارجہ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی کے ساتھ میٹنگ کی اور مغربی ایشیا محاذ آرائی کے تناظر میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِس میٹنگ کے دوران دونوں فریقوں نے ایران کے ساتھ سمجھوتے کیلئے جاری کوششوں پر بات چیت کی۔ اِس سے قبل قطر کے وزیرِ اعظم نے واشنگٹن میں امریکہ کے نائب صدر JD Vance کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا تھا۔x

## Shanghai World Cup Archery

چین کے شہر شنگھائی میں جاری تیر اندازی کے عالمی کپ کے دوسرے مرحلے میں دیپیکا کماری، انکیتا بھکت اور کُمکُم موہود پر مشتمل بھارتی خواتین کی Recurve ٹیم نے آج ایک ڈرامائی شوٹ آف کے بعد میزبان چین کو شکست دے کر سونے کا تمغہ جیتا۔

4 سیٹ کے بعد مقابلہ ٹائی ہونے پر، شوٹ آف کی نوبت آگئی۔ فیصلہ کن مرحلے میں اپنے اعصاب پر قابو رکھتے ہوئے، بھارتی ٹیم نے چین پر پانچ-چار سے کامیابی حاصل کی۔ تجربہ کار دیپیکا کماری نے شدید دباؤ کے باوجود شوٹ آف کے آخری تیر پر اہم '9' اسکور کرکے 2021 کے بعد بھارت کیلئے پہلا ورلڈ کپ گولڈ میڈل یقینی بنایا۔x

## IPL

IPL کرکٹ میں، آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سُپر کنگس کا مقابلہ لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

اِدھر رائے پور میں شہید ویر نارائن سنگھ انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے رائل چیلنجرس بنگلورو اور ممبئی انڈینس کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

کل رات جے پور میں کھیلے گئے میچ میں گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلس کو 77 رَن سے ہرا دیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆